مؤثر از 16 فروری 2026

MetroPlusHealth Plan کا سالانہ پرائیویسی نوٹس

MetroPlusHealth آپ کی پرائیویسی کے حقوق کا احترام کرتا ہے۔ اس نوٹس میں وضاحت کی گئی ہے کہ ہم آپ کے بارے میں حاصل کی جانے والی غیر عوامی ذاتی مالی اور طبی معلومات ("معلومات") کو کیسے رکھتے ہیں اور نیویارک اسٹیٹ انشورنس لاء (ریگولیشن 169) کی شرائط کے تقاضوں کے مطابق ہم ان معلومات کو کیسے رازدارانہ اور محفوظ رکھتے ہیں۔

اس کے علاوہ، آپ کسی بھی وقت MetroPlusHealth کے پرائیویسی آفیسر سے رابطہ کر کے MetroPlusHealth کے **طبی معلومات کی پرائیویسی کے طریقہ کار کا نوٹس** کے مکمل متن والے ورژن کی درخواست بھی کر سکتے ہیں، جو بیان کرتا ہے کہ آپ کے متعلق طبی معلومات کو وفاقی ہیلتھ انشورنس پورٹیبلٹی اینڈ اکاؤنٹیبلٹی ایکٹ (Health Insurance Portability and Accountability Act, HIPAA) کے تحت کیسے استعمال اور افشاء کیا جا سکتا ہے۔ یہ معلومات ہماری ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہیں www.metroplus.org/privacy-policies

معلومات کی اقسام

MetroPlusHealth آپ کے متعلق درج ذیل ذرائع سے معلومات جمع کر سکتی ہے اور ان چیزوں کو ظاہر کر سکتی ہے:	• آپ کی جانب سے ہمیں درخواستوں اور دیگر فارمز پر دی جانے والی معلومات یا جو آپ ہمیں بتاتے ہیں؛ اور • ہمارے ساتھ، ہمارے ساتھ کام کرنے والے نگہداشت صحت کے فراہم کنندگان اور دیگر کے ساتھ آپ کے معاملات کے متعلق معلومات۔
ہم آپ کی معلومات کو کیسے استعمال کرتے ہیں: **ہم اپنے حالیہ اور سابقہ ممبران کی معلومات کسی کو ظاہر نہیں کرتے، ماسوائے کہ جب قانون اجازت دیتا ہو۔**	• MetroPlusHealth کے ایک رکن کے طور پر آپ کو موصول ہونے والے نگہداشت صحت کے فوائد فراہم کرنے کے لیے، مثلاً آپ کو درکار علاج کا انتظام کرنا اور آپ کو موصول ہونے والی خدمات کی ادائیگی کرنا؛ • آپ کے ساتھ ایسے پروگراموں اور خدمات کے متعلق بات چیت کرنے کے لیے، جو ایک MetroPlusHealth رکن کے طور پر آپ کو دستیاب ہیں؛ اور • اپنے کاروبار کو منتظم کرنے کے لیے اور قانون اور ضابطوں کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے۔

ہم آپ کی رازداری کا تحفظ کیسے کرتے ہیں	• ہم آپ کی معلومات کو ملازمین اور دیگر ایسے افراد تک محدود کرتے ہیں، جنہیں یہ MetroPlusHealth کے معاملات انجام دینے یا قانون اور ضابطے کے تقاضوں کی پابندی کرنے کے لیے درکار ہوں۔ • ہمارے ملازمین اگر ہماری رازداری کی پالیسیوں اور طریقوں کی خلاف ورزی کریں، تو انہیں انضباطی کاروائی کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور انہیں ملازمت سے فارغ بھی کیا جا سکتا ہے۔ • ریاستی اور وفاقی ضوابط کے تحت معلومات کو رازدارانہ رکھنے کے لیے ہم مادی، الیکٹرانی اور عمل درآمد میں حفاظتی اقدامات کے ذریعے تحفظ فراہم کرتے ہیں۔
سابقہ اراکین	• اگر آپ کی MetroPlusHealth کی رکنیت ختم ہو جاتی ہے تو بھی آپ کی معلومات ہماری پالیسیوں اور موجودہ اراکین کے لیے مقررہ طریقہ کار کے مطابق محفوظ رہیں گی۔
MetroPlus سے رابطہ کریں	• ہماری پرائیویسی پالیسیوں اور طریقہ ہائے کار کے متعلق مزید معلومات مانگنے کے لیے، • ہمارے پاس رازداری سے متعلق شکایت درج کرائیں، یا • اپنے متعلق ہمارے ریکارڈز میں موجود معلومات کو دیکھنے کے لیے تحریری درخواست بھیجیں۔ **کسٹمر سروسز – MetroPlus Health Plan** **50 Water Street, 7th Floor** **New York, NY 10004** • **عمومی فون نمبر:** 1-800-303-9626، ہفتے کے 7 دن، صبح 8:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک • **Medicare کے اراکین:** 1-866-986-0356، ہفتے کے 7 دن، صبح 8:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک • **TTY:** 711 **MetroPlus سے گمنام طریقے سے کیسے رابطہ کریں:** **تعمیل کی ہاٹ لائن** (مکمل طور پر گمنام اور 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن، سال کے 365 دن دستیاب): ▪ کال کریں 1-888-245-7247 ▪ ایک آن لائن رپورٹ جمع کروائیں: https://metroplus.org/about-us/privacy-policies